# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 22 January-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۲/جنوری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

**** **** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ مرکزی کابینہ نے اَٹل Pension اسکیم کی معیاد میں پانچ برسوں کی توسیع کا کیا فیصلہ۔

☆ مہاراشٹر کے توانائی کے شعبے میں ایک دہائی سے بھی کم عرصے میں کی گئی بنیادی تبدیلی: داوَوس کانفرنس میں وزیرِ اعلیٰ کا دعویٰ۔

☆ ریاست کے 29 میئر عہدوں کیلئے ریزرویشن کی آج منترالیہ میں قرعہ اندازی۔

☆ شیوسینا اور راشٹروادی کانگریس پارٹیوں کے نام اور انتخابی نشانات کے معاملے میں کل سپریم کورٹ میں دیئے جائیں گے حتمی دلائل۔

☆ یومِ جمہوریہ کی تقریبات میں شرکت کی خاطر مراٹھواڑہ کی مدعو کی گئی شخصیات میں جوش وخروش۔

اور۔۔۔☆ بھارت نے ناگپور T-20 کرکٹ مقابلے میں نیوزی لینڈ کو 48 رنوں سے دی شکست۔

**** **** *****

**اب خبریں تفصیل سے...**

مرکزی کابینہ نے اَٹل پنشن اسکیم کی معیاد میں مالی سال 31-2030 تک توسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیرِ اعظم کی زیرِ صدارت کل منعقدہ میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔کابینہ نے اس اسکیم کے فروغ اور ترقیاتی سرگرمیوں کیلئے حکومت کی طرف سے فراہم کی جانے والی مالی امداد میں اضافے کو بھی منظوری دی ہے۔ Small Industries Development Bann Of India (SIDBI) کو Equity کی شکل میں پانچ ہزار کروڑ روپئے کی مالی امداد فراہم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔اس فیصلے سے مائیکرو، چھوٹے اور درمیانی درجے کے کاروباری اداروں کو مزید تقویت ملنے کی اُمید ہے۔

**** **** *****

مرکزی حکومت نے کل قومی بجلی پالیسی 2026 کا مسودہ جاری کیا ہے۔ مسودہ میں ریاستی بجلی ریگولیٹری کمیشن کی طرف سے احکامات جاری نہ کرنے پر ہر برس ایک مناسب Index کی بنیاد پر بجلی کے نرخوں کو تبدیل کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ مسودے میں صارفین کے ساتھ ساتھ ریلوے، میٹرو اور مختلف صنعتوں کو دی جانے والی سبسیڈی کو ایک جیسا کرنے کی بھی سفارش کی گئی ہے۔

**** **** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ مہاراشٹر نے توانائی کے شعبے میں ایک دہائی سے بھی کم عرصے میں بنیادی تبدیلی لائی ہے۔ وزیرِ اعلیٰ' کل داوَوس میں منعقدہ ورلڈ اکنامک فورم میں شمسی توانائی سے متعلق ایک سمپوزیم سے خطاب کر رہے تھے۔ اسی بیچ وزیرِ اعلیٰ پھڑنویس نے تیسری ممبئی کے پہلے شہر کے طور پر ''رائے گڑھ پین گروتھ سینٹر'' کے نام کا اعلان کیا۔ یہ گروتھ سینٹر' نئی ممبئی طیران گاہ سے کم و بیش 20 کلومیٹر کے فیصلے پر بنایا جائے گا۔ انھوں نے بتایا کہ بہت سے سرمایہ داروں نے اس میں سرمایہ کاری کرنے کی خواہش ظاہر کی ہے۔ انھوں نے کہا:

**Byte: Chief Minister Devendra Fadnavis**

**** **** *****

ریاست کے 29 میونسپل کارپوریشنوں کے میئر عہدوں کے ریز رویشن کیلئے آج قرعہ اندازی ہوگی۔منترالیہ میں صبح گیارہ بجے یہ عمل شروع کیا جائے گا۔اسی دوران مہاراشٹر نونرمان سینا نے کلیان-ڈومبیولی میونسپل کارپوریشن میں شیوسینا کی حمایت کا فیصلہ کیا ہے۔کلیان کے سابق رکنِ اسمبلی راجو پاٹل نے رکنِ پارلیمان شری کانت شندے سے ملاقات کے بعد اس حمایت کا اعلان کیا ہے۔122 رُکنی اس میونسپل کارپوریشن میں شیوسینا 53 ‘بی جے پی 50 اور ایم این ایس کے پانچ کارپوریٹرس منتخب ہوئے ہیں۔

***** ***** *****

ریاست میں 12 ضلع پریشدوں اور 125 پنچایت سمیتیوں کے انتخابات کیلئے نامزدگی کے پرچے داخل کرنے کی آخری تاریخ کل ختم ہوگئی۔آخری دن درخواستیں جمع کرانے کیلئے امیدواروں کا ہجوم دیکھا گیا۔پرچوں کی جانچ آج ہوگی۔27 جنوری تک امیدواری واپس لی جاسکتی ہے۔3 فروری تک انتخابی مہم چلائی جاسکتی ہے اور آئندہ 5 فروری کو صبح ساڑھے سات بجے سے شام ساڑھے پانچ بجے تک رائے دہی ہوگی۔ہر رائے دہندے کو دو ووٹ ڈالنے ہوں گے ایک ضلع پریشد اور ایک پنچایت سمیتی کیلئے۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی نے کل ان انتخابات کیلئے چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے امیدواروں کا اعلان کیا ہے۔پارٹی نے ضلع پریشد کیلئے 36 اور پنچایت سمیت کیلئے 76 امیدواروں کو میدان میں اُتارنے کا فیصلہ کیا ہے۔وہیں بی جے پی نے ضلع پریشد کیلئے 27 اور پنچایت سمیتی کیلئے 54 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔شیوسینا نے بالترتیب 25 اور 50 امیدواروں کے نام ظاہر کیے ہیں۔

اسی بیچ لاتور ضلع پریشد کیلئے کُل 598 اور پنچایت سمیتی کیلئے 952 نامزدگی کے پرچے داخل کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

دریں اثناء دھاراشیو ضلع پریشد اور پنچایت سمیتیوں کے انتخابات میں مہایوتی زیادہ تر مقامات پر ایک ساتھ لڑے گی۔پرچوں کی جانچ کے بعد مہایوتی کی مشترکہ پریس کانفرنس منعقد کی جائیگی۔رکنِ اسمبلی راناجگجیت سنگھ پاٹل نے کل دھاراشیو میں یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے لاتور میں انتخابی تیاریوں کے سلسلے میں ایک جائزاتی میٹنگ کا انعقاد کیا۔اس موقع پر انھوں نے ضلع میں امن و امان کی برقراری کیلئے ضروری احتیاطی تدابیر کو مؤثر طریقے سے نافذ کرنے کی ہدایت دی۔

***** ***** *****

ریاست کی جن میونسپل کارپوریشنز میں شیوسینا اور بی جے پی نے متحدہ طور پر انتخاب لڑا ہے وہاں میئر بھی اسی اتحاد سے ہوگا۔چھترپتی سمبھاجی نگر کے رابطہ وزیر سنجئے شرساٹ نے یہ اطلاع دی۔وزیرِ موصوف کل ایک صحافتی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر انھوں نے یہ بھی بتایا کہ لاڈلی بہن اسکیم کی اگلی قسط آئندہ دو دنوں میں جمع کردی جائیگی۔

***** ***** *****

بی جے پی کے ریاستی صدر رویندر چوہان نے بتایا کہ کلیان-ڈومبیولی‘ اُلہاس نگر اور تھانے میونسپل کارپوریشنز کے میئر مہایوتی کے ہوں گے۔انھوں نے بتایا کہ وزیرِ اعلیٰ پھڑنویس کے داوَوس دورے سے واپس آنے کے بعد نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ساتھ اس سلسلے میں ایک میٹنگ منعقد کی جائیگی۔

***** ***** *****

شیوسینااورراشٹروادی کانگریس پارٹیوں کے ناموں اور پارٹی نشانات کے معاملے میں حتمی دلائل کل 23 تاریخ کو سپریم کورٹ میں دیئے جائیں گے۔گذشتہ روز اس پر سماعت نہیں کی گئی۔کل اس معاملے میں سپریم کورٹ میں سنوائی ہوگی۔اُدّھوٹھاکرے گروپ نے' شیوسینا پارٹی اور'تیر کمان' کا نشان ایکناتھ شندے کی زیرِ قیادت گروپ کو دینے کے مرکزی انتخابی کمیشن کے فیصلے کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا ہے۔

***** ***** *****

77ویں یومِ جمہوریہ کی مرکزی تقریب کیلئے نئی دہلی کے کرتویہ پتھ پر تیاریاں زور پر ہیں۔اس برس ملک کی فوجی تیاریوں اور پریڈ کو دیکھنے کیلئے مختلف شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے کم وبیش 10 ہزار خاص مہمانان شرکت کریں گے۔اس پریڈ میں ملک کی ثقافت' فوجی صلاحیتوں اور شاندار ورثے کی نمائش کی جائیگی۔اس تقریب کیلئے مراٹھواڑہ سے مدعو کیے گئے معززین میں جوش وخروش صاف دکھائی دے رہا ہے۔اس تقریب میں شرکت کیلئے دھاراشیو ضلع کے جیکئے کورواڑی کے سرپنچ اَمرسوریہ ونشی کو مدعو کیا گیا ہے۔انھوں نے اس سلسلے میں آکاشوانی سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

اسی طرح نیشنل سروس اسکیم (NSS) کے چار رضا کاروں کو مہاراشٹر سے مدعو کیا گیا ہے۔ان میں جالنہ ضلع کے'' تاڑکلس'' کے طالبِ علم شیوم رامیشور سرڑکر شامل ہے۔آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے شیوم نے بتایا کہ اس تقریب میں شرکت نہ صرف ان کیلئے ذاتی اعزاز ہے بلکہ ان کے والدین' اساتذہ اور پورے NSS پریوار کیلئے اعزاز کی بات ہے۔

***** ***** *****

گروتیغ بہادر صاحب جی کے 350 ویں یومِ شہادت کی مناسبت سے ہونے والی تقریب میں شرکت کی خاطر'' ٹرین آن ڈیمانڈ'' کے تحت آئندہ 23 اور 24 جنوری کو ممبئی' چندی گڑھ اور دہلی سے خصوصی ٹرینیں چلائی جائیں گی۔اسی مناسبت سے لاتور ضلع محکمۂ تعلیمات کی جانب سے'' ہند دی چادر'' اسٹریٹ ڈرامے کے مقابلے کا انعقاد کیا گیا،جن میں 34 طلبہ نے حصہ لیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے ویویکانند کالج میں'' ویویکانند لیکچر سیریز'' سیاسی مبصر اپوروانند جھا کے لیکچر کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔اس موقع پر انھوں نے سماجی،تعلیمی اور سیاسی تبدیلیوں پر تبصرہ کیا۔

***** ***** *****

پولس نے چھترپتی سمبھاجی نگر میں دیسی پستول کی خرید وفروخت کرنے والے دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔پولس کے ATS دستے کو گشت کے دوران خبر ملی کہ جالنہ روڈ پر ایک شخص دیسی پستول فروخت کرنے کیلئے آرہا ہے۔جس کے بعد پولس نے دو افراد کو پستول اور زندہ کارتوس کے ساتھ گرفتار کرلیا۔

***** ***** *****

بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان ناگپور میں کھیلا جانے والا پہلا T-20 کرکٹ میچ بھارت نے 48 رنوں سے جیت لیا ہے۔نیوزی لینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔بھارت نے 20 اوورز میں سات وِکٹوں کے نقصان پر نیوزی لینڈ کو 239 رنوں کا ہدف دیا۔تاہم' مہمان ٹیم مقررہ اوورز میں 190 رنز ہی بنا پائی۔35 گیندوں پر 84 رن بنانے والے ابھیشیک شرما کو مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔سیریز کا اگلا میچ کل رائے پور میں کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ مرکزی کابینہ نے اَٹل Pension اسکیم کی معیاد میں پانچ برسوں کی توسیع کا کیا فیصلہ۔

☆ مہاراشٹر کے توانائی کے شعبے میں ایک دہائی سے بھی کم عرصے میں کی گئی بنیادی تبدیلی: داوَوس کانفرنس میں وزیرِ اعلیٰ کا دعویٰ۔

☆ ریاست کے 29 میئر عہدوں کیلئے ریزرویشن کی آج منترالیہ میں قرعہ اندازی۔

☆ شیوسینا اور راشٹر وادی کانگریس پارٹیوں کے نام اور انتخابی نشانات کے معاملے میں کل سپریم کورٹ میں دیئے جائیں گے حتمی دلائل۔

☆ یومِ جمہوریہ کی تقریبات میں مراٹھواڑہ کی مدعو کی گئی شخصیات میں جوش و خروش۔

اور۔۔۔☆ بھارت نے ناگپور T-20 کرکٹ مقابلے میں نیوزی لینڈ کو 48 رنوں سے دی شکست۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****